# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

### اسلامی فکر تاریخ و ثقافت

کورس کا نام: تحقیق نگاری (5788) سمسٹر: بہار 2013ء

سطح: ایم فل علوم اسلامیہ

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو مندرجہ ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے۔

- مطالعاتی راہنما ایک عدد
- امتحانی مشقیں 02 عدد
- فارم برائے امتحانی مشقیں 06عدد
- اوقات نامہ مشقی کام ایک عدد

نوٹ: بستہ میں متذکرہ بالا کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع، شعبہ مراسلاتی خدمات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تاکہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

### عنوان: ایم فل علوم اسلامیہ کے مشقی کام کرنے کے لیے رہنما اصول

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔

آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ مشق درحقیقت مشق ہے۔ اس مشق کا مقصد یہ ہے کہ آپ نے جن اصول تحقیق کا مطالعہ کیا ہے ان کے عملی استعمال کا تجربہ کروایا جائے۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیں۔

1۔ مشق لکھنے کے لیے A4 Size کا تھیسس پیپر استعمال کریں۔ اس کی کوالٹی اور سائز کا خیال رکھیں۔

2۔ مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیں۔ سوال کے تمام اجزا کے جوابات دیں۔

3۔ جوابات تحریر کرنے سے قبل رہنمائے مطالعہ کے متعلقہ حصے اور مجوزہ کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کریں۔

4۔ جواب اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا حوالہ حاشیے میں دیں۔ حوالہ دیتے وقت حوالہ نگاری کے اصولوں کی پابندی کریں۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیں اور آخر میں مراجع و مصادر کی تفصیل درج کریں۔

5۔ جواب صفحے کے ایک طرف لکھیں اور دونوں طرف حاشیہ چھوڑ دیں۔

6۔ جواب مختصر اور جامع تحریر کریں۔ ایک بات کو بار بار نہ دہرائیں۔ البتہ ایک بات اگر متعدد مآخذ میں ہے تو حاشیے میں ان مآخذوں کا اندراج کر دیں۔

7۔ اپنی مشق پر "فارم برائے مشقی کام" کے تین پرت مکمل طور پر پُر کر کے لگانا نہ بھولیں۔ مشق کو صحیح طریقے سے نتھی کریں۔ کھلے اوراق کی حفاظت کی ذمہ داری ٹیوٹر پر نہیں ہوگی۔

8۔ پابندی وقت کا خیال رکھیں۔

9۔ اپنی مشق بڑے سائز کے لفافے میں ارسال کریں تاکہ اسے تہہ کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے۔

10۔ جواب لکھنے کے بعد نظر ثانی کریں۔ قرآنی آیات، احادیث اور املا کی غلطیاں ناقابل معافی ہیں۔

11۔ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کریں۔

مخلص

کورس شاہ معین الدین ہاشمی

کورس کوآرڈینیٹر

فون نمبر: 051-9057839

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد
کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

کورس کا نام: تحقیق نگاری (5788) | سمسٹر: بہار 2013
سطح: ایم فل علوم اسلامیہ | کل نمبر: 100

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**1- اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

**2- کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

## مشقی کام نمبر 1

ایم فل میں تحقیق کرنے کے لیے ایک موضوع تحقیق منتخب کریں۔ اس موضوع کا خاکہ درج ذیل عناصر پر مشتمل ہو۔

1۔ موضوع تحقیق کا تعارف
2۔ موضوع تحقیق پر ریسرچ کی ضرورت و اہمیت
3۔ موضوع تحقیق کا بنیادی مسئلہ
4۔ موضوع تحقیق کا فرضیہ
5۔ اہداف تحقیق
6۔ موضوع زیر تحقیق پر سابقہ تحقیقی کام کا جائزہ
7۔ اسلوب تحقیق
8۔ ابواب و فصول کا خاکہ (out lines)
9۔ موضوع تحقیق کے مصادر و مراجع کی فہرست

# مشقی کام نمبر 2

آپ نے مشقی کام نمبر 1 میں جو موضوع منتخب کیا ہے اس پر ایک تحقیقی مقالہ ان اصول تحقیق کی روشنی میں لکھیں جن کا آپ نے پہلے سمسٹر میں مطالعہ کیا ہے۔ تحقیقی مقالہ میں حوالہ، حواشی کا اہتمام کریں، حوالہ و حواشی فٹ نوٹ میں دیں۔